| A | اسم معاوضہ | B | اسم ظرف | **C** | اسم حالیہ | D | اسم حاصل مصدر |
| 311 | "مانند" کا شمار ........ میں ہوتا ہے۔ | | | | | | |
| A | حرف تنقیص | **B** | حرف تشبیہ | C | حرف تنکیر | D | حرف ندا |
| 312 | وہ گیا تھا فعل ہے۔ | | | | | | |
| A | فعل ماضی مطلق | B | فعل ماضی قریب | **C** | فعل ماضی بعید | D | فعل ماضی استمرار |
| 313 | "وہ آیا ہے" فعل ہے۔ | | | | | | |
| **A** | فعل ماضی قریب | B | فعل ماضی شکیہ | C | فعل ماضی مطلق | D | فعل مستقبل |
| 314 | "اور" کا شمار ........ ہوتا ہے۔ | | | | | | |
| A | حرف بیان | B | حرف علت | **C** | حرف عطف | D | حرف جار |
| 315 | "جوش" گرائمر کی رو سے کیا ہے؟ | | | | | | |
| A | لقب | **B** | تخلص | C | کنیت | D | قلمی نام |
| 316 | "کلہاڑا" قواعد کی رو سے ہے۔ | | | | | | |
| A | اسم صوت | B | اسم ظرف | **C** | اسم آلہ | D | اسم مکبر |
| 317 | "تم مت جاؤ" قواعد کی رو سے ہے۔ | | | | | | |
| **A** | فعل تام | B | فعل امر | C | فعل نہی | D | فعل ناقص |
| 318 | دھلائی قواعد کی رو سے ہے | | | | | | |

pakcity.org
www.pakcity.org

| | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | A | اسم معاوضہ | B | اسم صفت | C | اسم مفعول | D | اسم معرفہ |
| 319 | اسم مفعول کی شناخت کیجیے۔ | | | | | | | |
| | A | عابد | B | عبادت | C | عبد | D | معبود |
| 320 | اسم علم کی اقسام ہیں۔ | | | | | | | |
| | A | دو | B | تین | C | پانچ | D | چار |
| 321 | مصدر کی نشان دہی کیجیے۔ | | | | | | | |
| | A | لکھنا | B | لکھائی | C | لاکھ | D | شام |
| 322 | "رات" گرائمر کی رو سے ہے۔ | | | | | | | |
| | A | ظرف زماں | B | ظرف مکاں | C | اسم جامد | D | اسم مصدر |
| 323 | "قلم تراش" گرائمر کی رو سے ہے۔ | | | | | | | |
| | A | اسم صوت | B | اسم آلہ | C | اسم مصغر | D | اسم مکبر |
| 324 | "پسوائی" قواعد کی رو سے ہے۔ | | | | | | | |
| | A | اسم صفت | B | اسم مفعول | C | اسم معاوضہ | D | اسم معرفہ |
| 325 | اسم ظرف مکاں کی پہچان کیجیے: | | | | | | | |
| | A | کتاب | B | شام | C | شہر خموشاں | D | چٹائی |
| 326 | اسم مکبر کی نشان دہی کیجیے: | | | | | | | |
| | A | بتنگڑ | B | باتونی | C | بات | D | باتیں |
| 327 | اسم مصغر کی نشاندہی کیجیے: | | | | | | | |
| | A | پگڑ | B | گھر | C | کتب خانہ | D | پیالی |
| 328 | اسم ضمیر کی قسمیں ہیں۔ | | | | | | | |
| | A | دو | B | تین | C | چار | D | پانچ |
| 329 | اسم فاعل قیاسی اور اسم فاعل سماعی قسمیں ہیں۔ | | | | | | | |
| | A | اسم فاعل کی | B | اسم مشتق کی | C | اسم ظرف کی | D | مصدر کی |
| 330 | "اس نے لکھا ہو گا" گرائمر کی رو سے کون سا فعل ہے ؟ | | | | | | | |
| | A | فعل ماضی مطلق | B | فعل ماضی تمنائی | C | فعل مستقبل | D | فعل ماضی شکیہ |
| 331 | "کہ" کا شمار کن حروف میں ہوتا ہے۔ | | | | | | | |
| | A | حرف اضافت | B | حرف بیاں | C | حرف تاسف | D | حرف جار |
| 332 | گرائمر کے مطابق "جلن" کیا ہے۔ | | | | | | | |
| | A | فعل | B | اسم حالیہ | C | حاصل مصدر | D | حرف ندا |
| 333 | "چھری" گرائمر کی رو سے کیا ہے؟ | | | | | | | |
| | A | اسم مکبر | B | اسم صوت | C | اسم آلہ | D | اسم ظرف مکاں |
| 334 | "فیصل آباد" گرائمر کی رو سے ہے۔ | | | | | | | |
| | A | اسم نکرہ | B | اسم معرفہ | C | اسم مفعول | D | اسم فاعل |
| 335 | "وہ دوڑتا تھا" کون سا فعل ہے۔ | | | | | | | |
| | A | فعل ماضی قریب | B | فعل ماضی بعید | C | فعل ماضی استمرار | D | فعل حال |
| 336 | گرائمر کے لحاظ سے "پسوائی" کیا ہے؟ | | | | | | | |
| | A | اسم ذات | B | اسم جامد | C | اسم معاوضہ | D | اسم حالیہ |
| 337 | درج ذیل میں مہمل ہیں۔ | | | | | | | |
| | A | دوٹی۔ وانا | B | روٹی۔ کھانا | C | مسجد۔ گھر | D | صبح۔ شام |
| 338 | درج ذیل میں اسم صفت ہیں۔ | | | | | | | |

www.pakcity.org
pakcity.org

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| A | لڑکی۔گھوڑا | B | سرخ۔آم | C | کتاب۔میز | D | نیک۔تیز |
| 339 | درج ذیل میں اسم ظرف زماں ہے۔ | | | | | | |
| A | شفاخانہ | B | زمین | C | رات | D | نیلا |
| 340 | "کائیں کائیں" گرائمر کی رو سے ہے۔ | | | | | | |
| A | اسم آلہ | B | ظرف زماں | C | اسم ظرف | D | اسم صوت |
| 341 | "لہٰذا" کون سے حروف میں شامل ہوتا ہے؟ | | | | | | |
| A | حرف علت | B | حرف ندا | C | حرف جار | D | حرف اضافت |
| 342 | کشتی کہاں ٹھہری ہے؟ | | | | | | |
| A | دریا میں | B | ساحل پر | C | منجدھار میں | D | لہروں پر |
| 343 | شاعر کے مطابق کون سا موسم آنے والا ہے؟ | | | | | | |
| A | بہار | B | خزاں | C | گرمی | D | سردی |
| 344 | بچے صحرا کو کیا بنانا چاہتے ہیں؟ | | | | | | |
| A | سبزہ زار | B | گلستان | C | باغ | D | گلزار |
| 345 | ایک دن پاکستانی بچے قیام کریں گے: | | | | | | |
| A | منزل پر | B | راستے میں | C | دشت میں | D | گھر میں |

# حصہ انشائیہ

## 2- درج ذیل نظم سے 3 اور غزل سے 2 اشعار کی تشریح کیجیے

pakcity.org

### (حصہ نظم)

| | | |
|---|---|---|
| 1. | اُسی نے ایک حَرفِ کُن سے پیدا کر دیا عالَم | کَشاکَش کی صدائے ہاؤ ہُو سے بھر دیا عالم |
| 2. | زمیں پر جلوہ آرا ہیں مظاہر اُس کی قدرت کے | بچھائے ہیں اُسی داتا نے دستر خواں نعمت کے |
| 3. | یہ سرد و گرم، خشک و تر، اُجالا اور تاریکی | نظر آتی ہے سب میں شان اُسی کی ذاتِ باری کی |
| 4. | غریبوں کی جاں کو، یتیموں کے دل کو | سکُوں ہو گیا ہے، قرار آ گیا ہے |
| 5. | اب انساں کو انساں کا عرفان ہو گا | یقیں ہو گیا، اعتبار آ گیا ہے |
| 6. | بُجھے گا نہ جس کا چراغِ محبت | وُہ پیغمبرِ ذی وقار آ گیا ہے |
| 7. | گرمی کا روز جنگ کی، کیونکر کروں بیاں | ڈر ہے کہ مثلِ شمع نہ جلنے لگے زباں |
| 8. | وہ لو کہ الحذر، وہ حرارت کہ الاماں | رن کی زمیں تو سُرخ تھی اور زرد آسماں |
| 9. | وہ لُو، وہ آفتاب کی حدت، وہ تاب وتب | کالا تھا رنگ دھوپ سے دن کا مثالِ شب |
| 10. | سرخی اُڑی تھی پھولوں سے، سبزی گیاہ سے | پانی کنوؤں میں اترا تھا، سائے کی چاہ سے |
| 11. | کوسوں کسی شجر میں نہ گل تھے، نہ برگ و بار | ایک ایک نخل جل رہا تھا صورت چنار |
| 12. | آئینہ مہر کا تھا، مکدر غبار سے | گردوں کو تپ چڑھی تھی زمیں کے بخار سے |
| 13. | گرمی سے مضطرب تھا زمانہ زمین پر | بھن جاتا تھا جو گرتا تھا دانہ زمین پر |
| 14. | پانی تھا آگ، گرمی روزِ حساب تھی | ماہی جو سیخِ موج تک آئی کباب تھی |
| 15. | گرداب پر تھا شعلہ جوّالہ کا گُماں | انگارے تھے حباب تو پانی شرر فشاں |
| 16. | یہ سعادت حُورِ صحرائی! تیری قسمت میں تھی | غازیانِ دیں کی سقّائی تری قسمت میں تھی |
| 17. | یہ کلی بھی اس گلستانِ خزاں منظر میں تھی | ایسی چنگاری بھی یارب اپنی خاکستر میں تھی! |
| 18. | اپنے صحرا میں بہت آہُو ابھی پوشیدہ ہیں | بجلیاں برسے ہوئے بادل میں بھی خوابیدہ ہیں! |
| 19. | رقص تیری خاک کا کتنا نشاط انگیز ہے! | ذرّہ ذرّہ زندگی کے سوز سے لبریز ہے |
| 20. | تازہ انجم کا فضائے آسماں میں ہے ظہور | دیدۂ انساں سے نامحرم ہے جن کی موجِ نور |

| | |
|---|---|
| 21. جھٹ پٹے کا نرم رو دریا، شفق کا اضطراب | کھیتیاں، میدان، خاموشی، غروبِ آفتاب |
| 22. جس کے بازو کی صلابت پر نزاکت کا مدار | جس کے کَس بل پر اکڑتا ہے غرورِ شہریار |
| 23. دھوپ کے جھلسے ہوئے رُخ پر مشقت کے نشاں | کھیت سے پھیرے ہوئے منھ، گھر کی جانب ہے رواں |
| 24. من پنچھی جب پنکھ ہلائے کیا کیا سُر بکھرائے | سُننے والے سنیں تو ان میں ایک ہی دُھن لہرائے |
| 25. شُتر کے گھر میں پیامِ بہار ہے سہرا | کبھی کبھی تو بڑا ہے مُہار ہے سہرا |
| 26. میاں شُتر نئی گاڑی لیے سفر کو چلے | مجھے خوشی ہے کہ تم آ گئے پہاڑ تلے |
| 27. مینہ برس جائے تو چل سکتی ہیں اس پر کشتیاں | ڈوب جانے کا بھی ہو جاتا ہے اکثر احتمال |

## (حصہ غزل)

pakcity.org

| | |
|---|---|
| 1. مصیبت بھی راحت فزا ہو گئی ہے | تری آرزو رو نما ہو گئی ہے |
| 2. میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا | گنہ گار ہوں، اک خطا ہو گئی ہے |
| 3. پہنچ جائیں گے انتہا کو بھی حسرتؔ | جب اس راہ کی ابتدا ہو گئی ہے |
| 4. سلسلہ فتنۂ قیامت کا | تیری خوش قامتی سے ہے |
| 5. مل کے بھی جو کبھی نہیں ملتا | ٹُوٹ کر دل اُسی سے ملتا ہے |
| 6. روح کو بھی مزا محبت کا | دل کی ہمسائیگی سے ملتا ہے |
| 7. یوں تو ہنگامے اٹھاتے نہیں دیوانۂ عشق | مگر اے دوست! کچھ ایسوں کا ٹھکانہ بھی نہیں |
| 8. رنگ وہ فصلِ خزاں میں ہے کہ جس سے بڑھ کر | شانِ رنگینیِ حسنِ چمن آرا بھی نہیں |
| 9. یہ فخر تو حاصل ہے، بُرے ہیں کہ بھلے ہیں | دو چار قدم ہم بھی ترے ساتھ چلے ہیں |
| 10. جلنا تو چراغوں کا مقدر ہے ازل سے | یہ دل کے کنول ہیں کہ بجھے ہیں نہ جلے ہیں |
| 11. جو جھیل گئے ہنس کے کڑی دھوپ کے تیور | تاروں کی خنک چھاؤں میں وہ لوگ جلے ہیں |
| 12. اک شمع بجھائی تو کئی اور جلالیں | ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں |

www.pakcity.org

## 3- درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور خط کشیدہ الفاظ کے معانی بھی لکھیے:

1. صبح اخباروں میں یہ خبر پڑھ کر **دل دھک** سے رہ گیا کہ پروفیسر مرزا محمد سعید کا آج سوئم ہے۔ خاموش زندگی! مرزا صاحب کی **علاتِ مزاج** یا **مرض الموت** کی اطلاع اس سے پہلے کہیں سے نہیں ملی۔ حد یہ کہ پرسوں وہ **رحلت** فرما گئے اور اُن کہ سینکڑوں دوستوں اور قدر دانوں کو اس **سانحہ ارتحال** کی خبر تک نہ ہوئی۔ افسوس! اتنا بڑا صاحب کمال ہم میں سے اُٹھ جائے اور اسکی **سناؤنی** ہم تک نہ پہنچے۔

2. عالم کی موت **عالم** کی موت ہوتی ہے۔ ابھی ہم کو اس کا اندازہ نہیں ہو سکتا کہ مرزا صاحب کے **رخصت** ہو جانے سے ہمارا کتنا بڑا نقصان ہو گیا ہے۔ اب ان کی **عدم موجودگی** رہ رہ کر ہمیں ان کی یاد دلائے گی اور وقت کے ساتھ ان کی کا **گھاؤ** بڑھتا چلا جائے گا۔ مرزا صاحب بہت ہی **خاموش** کام کرنے والوں میں تھے۔

3. مرزا صاحب دلی کے **شرفا** کے ایک **متمول** خاندان کے **چشم وچراغ** تھے۔ **تِراہابیرم** خان سے آگے بڑھ کر ایک راستہ سیدھے یا تھ کو مڑ جاتا ہے 'اسی کی نکڑ پر مرزا صاحب کا **آبائی** مکان ہے۔ اسی علاقے میں سر سید احمد خاں کا ایک **قدیم** مکان بھی تھا۔ سر سید سے بھی مرزا صاحب کی **عزیزداری** تھی۔

4. موت **برحق** ہے۔ مرنا سب کو ہے مگر مرنے مرنے میں فرق ہوتا ہے۔ مرزا صاحب نے **خاصی** عمر پائی مگر ان کی وفات کا **صدمہ** اس لئے زیادہ ہے کہ ایسے قابل، ایسے شریف اور ایسے **وضع دار** لوگ زمانہ اب پیدا نہیں کرے گا۔ افسوس کہ پروفیسر مرزا محمد سعید اب وہاں ہیں، جہاں ہماری نیک **آرزوئیں** رہتی ہیں۔ ایسی **جامع العلوم** ہستی سے **محروم** ہونے کا ہمیں غم ہو، کم ہے۔

5. مرزا صاحب **بظاہر علیل** نہیں معلوم ہوتے تھے۔ اِکہرا ڈیل،، اُجالا رنگ، کشادہ پیشانی،، گھنی بھنوؤں کے ساءے میں بڑی بڑی روشن آنکھیں، **رُخساروں** کی ہڈیاں اُبھری ہوئیں، **کتروا**ں مونچھیں،، ہنستے تو سامنے کے دو چار دانت ٹوٹے ہوئے نظر آتے، مگر بُرے نہ لگتے تھے۔ داڑھی **مُنڈی** ہوئی۔ **دھان پان** سے آدمی تھے۔

6. مسلمانوں نے ہمیشہ **رواداری** کو اپنا **شیوہ** بنایا ہے لیکن جب کفر والحاد غلبہ حاصل کرنا چاہتا ہے تو مسلمان اس کے لیے **ڈٹ** کر کھڑا ہو جاتا ہے۔ بادشاہ اکبر کی بے جا رواداری اور ملکی سیاست میں ہندوؤں کے عمل دخل کی وجہ سے **ملک** میں **کافرانہ** طور طریقے اس قدر **رائج** ہو گئے تھے کہ مسلمانوں کی آزادی خود ان کے دینی معاملات میں بھی ختم ہو گئی تھی۔ چناں چہ اکبر کے آخری دور میں اسلام کی **سربلندی** کے لیے حضرت مجدد الف ثانی کھڑے ہوئے آپ نے جہانگیر کے زمانے میں **محض** دین کی خاطر **قیدو بند** کی سختیاں **جھیلیں** اور اسلامی اقدار کو نئے سرے سے **فروغ** دیا۔

7. 1857ء کی جنگِ آزادی میں مسلمانوں نے پھر اپنے **قدم جمانے** کی کوشش کی لیکن انگریزی اقتدار **مستحکم** ہو چکا تھا، اس لیے انھیں کامیابی نہ ہو سکی۔ اس زمانے میں سر سید

نے مجبوراانگریزوں سے **مفاہمت** کی کوغنیمت جانا اور مسلمانوں قوم کی اخلاقی اور تہذیبی **اصلاح** پر توجہ دی اور ان کے دلوں سے احساس کمتری کو دور کرنے کی کوشش کی۔1885ءمیں ہندوؤں نے کانگریس کی بنیاد ڈالی۔ اور ظاہر کیا کہ وہ ملک تمام قوموں کو ان کا حق دلوائیں گے لیکن بعد میں پتہ چلا کہ وہ صرف اپنے حقوق کا **تحفظ** چاہتے ہیں۔انھوں نے مسلمانوں کو ان کے کاروبار سے **محروم** کرنے کی کوشش کی اور وہ سرکاری ملازمتوں پر بھی **قابض** ہوگئے۔

8. پاکستان اپنے **قیام** سے اب تک بڑی ترقی کی ہے اور اسکا **شمار** دنیا کے اہم ملکوں میں ہوتا ہے۔اگر ہم یہ چاہتے ہے پاکستان اور زیادہ ترقی کرے اور ہمیشہ ترقی کرے تو ہمیں نظریہ پاکستان کو ہر وقت **پیش نظر** رکھنا پڑے گا۔اس کی بدولت ہم پاکستان کو زیادہ **مستحکم** اور **شان دار** بنا سکتے ہیں۔

9. سنا ہے کہ **نہایت** ہی شریف گھرانے کی بیٹی تھیں ۔ **مرہٹہ** گردی میں ان کا خاندان تباہ ہو گیا۔ برس دن کی بیاہی بیوہ ہو گئیں۔ اس زمانے میں دوسری شادی کرنا بڑا **عیب** سمجھا جاتا تھا۔مغلانی کا **پیشہ** اختیار کر لیا اور اپنی ہنر مندی کی بدولت رنڈاپا گزار دیا۔جوانی تو **عزت و آبرو** سے کٹ گئی،خوب کمایا،ہزاروں روپے انعام میں لیے، مگر رکھنا نہ جانا۔دل کی **حاتم** اور طبعیت کی نرم تھیں۔

10. اُس کی **کارسازی** کے قربان،صدقے **مشکل کُشا** کے، عقل نے ایسا کام دیا اور پہلے ہی **جوڑے** میں واہ واہ ہوگئی۔شہزادی کا چہرہ بھی **خوشی کے مارے** پھول کی طرح کِھل گیا ۔اب کیا تھا میرے ہاتھ پاؤں میں گھوڑے لگ گئے۔ دونوں کا کام گھڑیوں میں ہونے لگا۔کہانی بہت لمبی ہے، کہاں تک کہوں جس کام کی آدمی **دُھن باندھ لے** ، وہ ہو ہی جاتا ہے۔

11. میں **پالکی** سے اتری اور چادر کو اچھی طرح اوڑھ اس پری کے ساتھ چلی۔کیا کہوں،اندر کیا بہار تھی ہزاروں پریاں گورے گورے رنگ،**بوٹا** سا قد،**زرق برق** کپڑے ہنستی چہلیں کرتی اہلی گہلی پھر رہی تھی،**چمن** ایسا نہ دیکھا نہ سنا۔ہر درخت کا تنا چاندی،سونے کی **شاخیں** زمرد کے پتے پھلوں کی جگہ کہیں **لعل لٹک** رہے تھے۔

12. اس **رجحان** نے تخلیقی سطح پر ایک نئی **سمت** کی طرف اشارہ کیا ہے۔جس سے یہ نتیجہ نکالنا بے موقع نہ ہو گا کہ عید کا **تصور** مسلمانوں کے ہاں **محض** اچھل کود کر کلچر بنانے پر منحصر نہیں ہے بلکہ اس خوشی کا راستہ ہماری **اقدار** میں بہت دور تک جاتا ہے۔ جس سے عید کے بارے میں اُردو شعراء کی **تخلیقات** کو ایک سمت ہی نہیں ملتی بلکہ ان کا تعلق ہمارے داخلی رویوں کے ساتھ اتنا **گہرا** ہے کہ ہماری شعری روایات میں یہ عمل صرف یکطرفہ مناظر کشی تک جا کر ختم نہیں ہوتا۔

13. "اے بھائی مسلمانو!خدا کے لیے مجھ **بدنصیب** کا حال سنو۔میں **آفت** کا مارا سات بچوں کا باپ ہوں،اب روٹیوں کو **محتاج** ہوں اور اپنی **مصیبت** ایک ایک سے کہتا ہوں۔ میں بھیک نہیں مانگتا۔میں یہ چاہتا ہوں کہ اپنے وطن کو چلا جاؤں،مگر کوئی **خدا کا پیارا** مجھے بھی نہیں پہنچاتا۔

14. مثلاً میرے دوست احمد مرزا ہیں،جنھیں میں **بھڑ بھڑیا** دوست کہتا ہوں۔یہ نہایت **معقول** آدمی ہیں اور میری اُن کی دوستی **نہایت پرانی** اور **بے تکلفی** کی ہے مگر حضرت کی **خلقت** میں داخل ہے کہ دو منٹ **نچلا** نہیں بیٹھا جاتا۔جب آئیں گے،شور مچاتے ہوئے،چیزوں کو اُلٹ پلٹ کرتے ہوئے۔غرض کہ اُن کا آنا **بھونچال** کے آنے سے کم نہیں ہے۔جب وہ آتے ہیں تو مَیں کہتا ہوں۔

15. "لے آؤ سامان!"وہ ایک **دل فریب** مسکراہٹ کے ساتھ بولی۔قلی سامان رکھ کر اسے ایک آنکھ سے گھورنے لگا،جیسے وہ اس کی **تہ** تک پہنچنا چاہتا ہو۔لڑکی **بھانپ** گ ءی ۔اس نے بٹوا کھولا اور ایک **چمکتی** ہوئی اٹھنّی اس کی طرف بڑھا دی۔قلی کا چہرہ،جو حقارت کے جذبات کے باعث بری طرح **لٹکا** ہوا تھا،ایک دم **کِھل** اُٹھا۔

16. یہ سوچ کر اس کا **دل بیٹھنے لگا** اور وہ خاموشی سے نیم تاریک سی **کالی کلوٹی** سڑک کی طرف دیکھنے لگی ، جس پر **اکا دُکا** چرخ چوں کرتے ہوئے یکّے کی **میلی** **چمنیوں** والی **بتیوں** سے ایک **کثیف** سی روشنی نکل کر سڑک پر **رینگ** رہی تھی۔اس کا خیال **فوراً** ہی اپنی موجودہ حالت کی طرف دوڑ گیا۔

17. باجی!یہ برقعہ تو بڑا اچھا سا بنا ڈالا تم نے۔وہ اس کا برقع بھی مارے **شوق** کے نیچے سے اٹھا لائی تھی۔لڑکی نے اس کا کوئی جواب نہ دیا اور وہ سورج کے **رُخ** پر کھڑے ہو کر برقعے کو **قہر آلودہ** نظروں سے دیکھنے لگی۔پھر لمبی چوڑی چھت پر **مضطربانہ** ٹہلنے لگی۔اسے برقعے کی تعریف ہوتے ہی سفر کے سارے واقعات رہ رہ کر یاد آنے لگے،جنھیں وہ دل سے **محصور** کر دینا چاہتی تھی۔

18. **چغل خور** نے جب یہ جان لیا کہ کسان اس کی باتوں میں آ گیا ہے تو وہاں سے **چلا آیا** اور کسان کے سالوں کے پاس پہنچ گیا۔وہاں پہنچ کر اس نے ان سے کہا:"تم لوگ یہاں **مزے** کر رہے ہو اور تمہارا **بہنوئی** تمھاری بہن کو روز مار مار کر **اَدھ مُوا** کر دیتا ہے۔وہ اسے اس **ظالمانہ** طریقے سے مارتا ہے کہ میں بیان نہیں کر سکتا۔"

19. اس نے ایک بار پھر آگے بڑھ کر کسان کی **کلائی** پکڑنے کی کوشش کی۔یہ دیکھ کر کسان نے **آؤ دیکھا نہ تاؤ دیکھا** ، پاؤں سے جوتا اُتار کر وہیں بیوی کی **ٹُھکائی** شروع کر دی ۔ **جوں ہی** اس نے بیوی پر **جوتے برسانے** شروع کیے،قریب ہی کھیت میں **چھپے** ہوئے کسان کے سالے باہر نکل آئے۔

20. **اگلے وقتوں** کی بات ہے کسی گاؤں میں ایک **چغل خور** رہتا تھا۔دوسروں کی چغلی کھانا اور ایک کی بات دوسرے سے کرنا اس کی **عادت** تھی اور لاکھ کوشش کے باوجود اپنی عادت نہ چھوڑ سکا،اس نے بارہا اس بات کا **ارادہ** کیا کہ اب کسی سے اس کی چغلی نہیں کھائے گا لیکن ہر بار وہ اپنے اس ارادے میں **ناکام** ہو جاتا۔دراصل وہ اپنی عادت سے **مجبور** تھا اور اسی عادت کی وجہ سے اُسے اپنی **ملازمت** سے بھی **ہاتھ دھونا** پڑے۔

21. اور اس کے بعد وہ سب ایک دوسرے پر **پل پڑے**۔وہ **سر پھٹول** ہوئی،لاٹھیاں چلیں کہ سب کے سب خون میں **نہا گئے**۔آخر **اردگرد** کے کھیتوں میں کام کرنے والے دوسرے لوگ بھاگ کر آئے اور انہوں نے **بیچ بچاؤ** کر کے انہیں ایک دوسرے سے الگ کیا۔پھر جب ان کا غصہ **قدرے** کم ہوا تو انہوں نے پوچھا کہ تم لوگ اس طرح

Please visit for more data at: www.pakcity.org

کیوں لڑ رہے تھے؟

22. میں نے اس **بے مثل** کارگزاری پر اسے انعام دینا چاہا تو اس نے لینے سے **انکار** کر دیا۔ شاید اُس کا کہنا ٹھیک تھا کہ اپنے بچوں کے **پالنے، پوسنے** میں کوئی انعام کا **مستحق** نہیں ہوتا۔ کیسی ہی **تنگی تُرشی** ہو تو وہ ہر حال میں کرنا ہی پڑتا ہے۔

23. ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی **یُورش** ہوئی۔ سب مالی بھاگ بھاگ کر **چھپ** گئے۔ نام دیو کو **خبر** بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ اپنے کام میں لگا رہا۔ اُسے کیا معلوم تھا کہ **قضا** اس کے **سر پر کھیل** رہی ہے۔

24. وہ **سادہ مزاج**، بھولا بھالا اور **منکسر المزاج** تھا۔ اُس کے چہرے پر **بشاشت** اور **لبوں** پر مسکراہٹ کھیلتی رہتی تھی۔ چھوٹے بڑے ہر ایک سے **جھک** کر ملتا۔ غریب تھا اور **تنخواہ** بھی کم تھی، اس پر بھی اپنے غریب بھائیوں کی **بساط** سے بڑھ کر مدد کرتا رہتا تھا۔

25. باغوں میں رہتے رہتے اُسے جڑی بوٹیوں کی بھی **شناخت** ہو گئی تھی۔ خاص کر بچوں کے علاج مین اُسے بڑی **مہارت** تھی۔ دُور دُور سے لوگ اس کے پاس بچوں کے علاج کے لیے آتے تھے۔ وہ اپنے باغ ہی میں سے **جڑی بوٹیاں** لا کر بڑی **شفقت** اور غور سے ان کا علاج کرتا۔ کبھی کبھی دوسرے گاؤں والے بھی اُسے علاج کے لیے بُلا لے جاتے۔ **بلا تامّل** جاتا، مفت علاج کرتا اور کبھی کسی سے کچھ نہیں لیتا تھا۔

26. وہ خود بھی **صاف ستھرا** رہتا اور ایسا ہی اپنے **چمن** کو رکھتا۔ اس قدر پاک صاف جیسے **رسوئی** کا چوکا۔ کیا مجال ہے جو کہیں **گھاس پھونس** یا کنکر پتھر پڑا رہے۔ **روِشیں** با قاعدہ، **تھانولے** درست، **سینچائی** اور شاخوں کی **کاٹ چھانٹ** وقت پر، جھاڑنا، بہارنا صبح شام روزانہ، **غرض** سارے چمن کا آئینہ بنا رکھا تھا۔

27. لیکن خواجہ صاحب کے اصرار پر وہ میرے ساتھ ایک **آدھ روز** کے لیے جھنگ چلنے پر **آمادہ** ہو جاتا ہے۔ جب وہ میرے ساتھ کار میں بیٹھ جاتا ہے تو **غالباً** اس کے دل میں سب سے بڑا وہم یہ ہے کہ شاید اب مَیں بھی **بیتے** سے دوسرے لوگوں کی طرح علامہ اقبالؒ کی باتیں **پوچھ پوچھ** کر اس کا سر **کھپاؤں** گا۔

28. میری **توقع** پوری ہوتی ہے اور تھوڑی سی **پریشان کن** خاموشی کے بعد علی بخش مجھ یوں **گھورنے** لگتا ہے کہ یہ عجیب شخص ہے۔ جو ڈاکٹر صاحب کی کوئی بات نہیں کرتا۔ آخر اس سے رہا نہ گیا اور ایک سینما کے سامنے بھیڑ دیکھ کر **بھڑ بھڑانے** لگا: مسجدوں کے سامنے تو کوئی بھی ایسا **رش** نظر نہیں آتا۔ ڈاکٹر صاحب بھی یہی کہا کرتے تھے۔ ایک جگہ میں پان خریدنے کے لیے رکتا ہوں تو علی بخش **بے ساختہ** کہ اٹھتا ہے ڈاکٹر صاحب کو پان پسند نہیں تھے۔

29. ڈاکٹر صاحب بہے **درویش** آدمی لگتے تھے۔ گھر کے خرچ کا **حساب کتاب** میرے پاس رہتا تھا۔ میں بھی بڑی **کفایت** سے کام لیتا۔ ان کا پیسا **ضائع** کرنے سے مجھے بڑی **تکلیف** ہوتی تھی۔ **اکثر اوقات** ریلکے سفر کے دوران میں کئی کئی اسٹیشن بھوکا رہتا، کیونکہ وہاں روٹی **مہنگی** ملتی تھی لیکن ڈاکٹر صاحب ناراض ہو جاتے تھے۔ کہا کرتے تھے علی بخش انسان کو ہمیشہ وقت کی **ضرورت** کے مطابق چلنا چاہیے۔

30. علی بخش کا **تخیل** بڑی تیز رفتاری سے **ماضی** کے **دھندلکوں** میں پرواز کر رہا ہے۔ زندگی کے ہر **موڑ** پر اسے اپنے ڈاکٹر صاحب یا جاوید صاحب یا منیرہ بی بی کی کوئی نہ کوئی **خوش گوار** یاد آتی ہے۔ جھنگ پہنچ کر میں اسے ایک رات اپنے ہاں رکھتا ہوں۔ دوسری صبح ایک **نہایت** قابل اور فرض شناس **مجسٹریٹ** کپتان **مہابت خان** کے سپرد کر دیتا ہوں۔

31. ذرا سا یہ اعلان ہوتے ہی **منبر** سے دروازے تک **چار فیٹ** کا راستہ بن گیا۔ نمازی دورویہ کھڑے ہو گئے۔ ایک انسان اپنی جگہ سے نہ ہلا اور ہم سب **منوبین** نہایت **اطمینان** سے باہر آ گئے۔ یہ **تنظیم** کی بات ہے۔ تُرک اب دنیا کی ایک **نہایت شائستہ** اور **منظم** قوم بن چکے ہیں۔

32. سلیمانیہ سے **مُلحق** ایک بڑا کتب خانہ ہے۔ یہاں **مخطوطات** کا سب سے بڑا **ذخیرہ** محفوظ ہے۔ اندازے کے مطابق ایک لاکھ **قلمی** کتابیں یہاں ہیں اور نہایت **ترتیب و تنظیم** سے رکھی ہوئی ہیں۔ جب میں اپنے **رفیقوں** کو باسفورس، گولڈن ہارن اور ایا صوفیہ کی سیر کراتا ہوا یہاں سے **سلیمانیہ** میں پایا تو سب کی **حیرت و مسرت** کی کوئی **انتہا** نہ رہی۔ ہم سب نے یہاں اچھا خاصا وقت **صرف** کیا۔ اب یہاں سے ہم توپ کاپی سرائے چلے کہ ترکی میں یہ ایک نہایت اہم **عجائب گھر** ہے۔

33. انگریزوں کے علمی ذوق کی **مدح ستائش** بہت کی جاتی ہے، مگر خود **ولیم** راجر زنے اپنی مشہور **تصنیف** نسوب کاپی میں یہ گلہ کیا ہے کہ انگریزوں نے بہت سے مسلم اداروں اور خاص طور پر **بیت الحکمت** کا ذکر تو ضرور کیا ہے لیکن توپ کاپی کو نظر انداز کر دیا، جہاں قدیم اسلامی **عہد** کی نادر و نایاب کتابیں بہ کثرت موجود ہیں اور **مخطوطات و مسوّدات** کے لحاظ سے بھی دنیا کے عجائب خانے اور بہت سے **میوزیم** اس کے مقابلے میں ہیچ ہیں۔ تقریباً ہر **علم و فن** سے متعلق اہم کتابیں یہاں موجود ہیں۔

34. کیوں صاحب! کیا یہ آئین جاری ہُوا ہے کہ سکندر آباد کے رہنے والے دلّی کے **خاک نشینوں** کو خط نہ لکھیں؟ بھلا اگر یہ **حکم** ہُوا ہوتا تو یہاں بھی **تو اشتہار** ہو جاتا کہ **زنہار** کوئی خط سکندر آباد کو یہاں کی **ڈاک** میں نہ جاوے۔ بہ ہر حال:۔

35. اللہ اللہ! ہم تو کول سے تمھارے خط کے آنے کے **منتظر** تھے۔ ناگاہ کل جو خط آیا، معلوم ہوا کہ وہ دن کول میں رہ کر سکندر آباد آ گئے ہو اور وہاں سے تم نے خط لکھا ہے۔ دیکھیے: اب یہاں تک رہو اور آگرہ کب جاؤ۔ **پرسوں برخوردار** شیونرائن کا خط آیا تھا۔ لکھتے تھے کہ کتابوں **شیرازبندی** ہو رہی ہے۔ اب قریب ہے کہ بھیجی جائیں۔ مرزا مہر بھی ایک ہفتہ بتاتے ہیں۔ دیکھیے! کس دن کتابیں آ جائیں۔ خدا کرے سب کام **دل خواہ** بنا ہو۔

36. شہر کا حال کیا **جانوں** کہ کیا ہے؟ پون ٹوٹی کوئی چیز ہے، وہ جاری ہو گئی ہے۔ سوائے **اناج اور اپلے** کے کوئی چیز ایسی نہیں، جس پر **محصول** نہ لگا ہو۔ جامع مسجد کے گرد پچیس پچیس فٹ گول **میدان** نکلے گا۔ دکانیں حویلیاں ڈھائی جائیں گی۔ **دارالبقا** فنا ہو جائے گی۔

www.pakcity.org

37. میرا خیال ہے کہ مرحوم سے شاید ہی کبھی کسی شخص کو **تکلیف** پہنچی ہو۔ شریف شخص کی یہ صفت سب سے **معتبر** مانی گئی ہے۔ اُردو، فارسی، اور عربی **ادبیات** پر مرحوم کی نظر بڑی گہری، **وسیع اور متنوع** تھی جس کے ہم سب ہمیشہ **معترف** رہے اور اس سے **استفادہ** کیا۔ ناملائم الفاظ کبھی زبان پر نہیں لائے۔ بڑے **شوق اور سنجیدگی** سے **علمی مسائل** پر اظہارِ خیال فرماتے۔ آمین۔

38. میں **معلم** بنا، آپ کو کتابوں کی دولت اور **امانت** سونپی گئی۔ آپ نے اس کا **حق** ادا کر دیا جس کا **ثبوت** آپکی ہندوستان گیر **شہرت** اور آپ کو مشورے اور مدد کی ہر طرف سے **متواتر** اور مسلسل مانگ رہی ہے۔ آپ کے انگریزی اور **وسیع مطالعے** کا وہ شخص **معترف** ہے جو آپ کو جانتا ہے۔

## 4- درج ذیل میں سے کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات لکھیے:

pakcity.org

سوال: اللہ تعالیٰ نے یہ کائنات کون سا ایک لفظ کہہ کر بنائی ہے؟

جواب: اللہ تعالیٰ نے لفظ "کن" کہہ کر یہ کائنات بنائی ہے۔

سوال: حمد میں خالق کی کن مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے؟

جواب: حمد میں خالق کی درج ذیل مخلوقات کا ذکر کیا گیا ہے۔ نباتات، جمادات، حیوانات، انسان

سوال: نعت کے پہلے شعر میں حضورؐ کی کون سی صفات بیان کی گئی ہیں؟

جواب: نعت کے پہلے شعر میں حضورؐ کی درج ذیل صفات بیان ہوئی ہیں:

آپؐ دو عالم کے مددگار ہیں، دینِ اسلام اور پیغامِ الٰہی کے امین ہیں، غریبوں کے غمگسار اور ہمدرد ہیں

سوال: انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

جواب: انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد یہ ہے کہ حضورؐ نے انسان کو ایسے اصول زندگی بتائے جن پر عمل کر کے انسان عزت و وقار کے مقام تک پہنچ سکتا ہے۔

سوال: شاعر کے نزدیک حضورؐ کا پیغام کیا ہے؟

جواب: شاعر کے نزدیک حضورؐ کا پیغام "اصولِ محبت" ہے۔ یعنی سرکارِ دو عالمؐ نے محبت، اخوت اور بھائی چارے کا پیغام دیا جس سے معاشرتی نفرت و عداوت کا خاتمہ ہوا۔

سوال: مرزا محمد سعید کس لیے لکھتے تھے؟

جواب: مرزا محمد سعید کسی کی فرمائش پر یا کسی کو خوش کرنے کیلئے نہیں لکھتے تھے۔ مرزا صاحب پیسے کے لیے بھی لکھتے تھے۔ ستائش کی تمنا اور صلے کی پرواہ سے بے نیاز ہو کر صرف اپنی تسکین کیلئے لکھتے تھے۔ کام کرتے تھے صرف اس لیے جب ان کا جی کام کرنے کو چاہتا تھا۔

سوال: لاہور کے پبلشروں کے ساتھ مرزا صاحب کا رویہ کیسا تھا؟

جواب: لاہور کے ایک پبلشر نے مرزا صاحب کو ناول لکھوانے کے لیے ایک ہزار روپے کی پیشکش کی۔ یہ وہ زمانہ تھا کہ دو اڑھائی سو میں اچھا خاصا پبلشر مل جاتا تھا۔ چنانچہ پبلشر مصنف کو ساتھ لے کر مرزا صاحب کے پاس گئے اور ناول لکھنے کی فرمائش کی مگر مرزا صاحب ٹھنڈے مزاج کے ساتھ بولے۔ "آپ میرے ناول کے پانچ ہزار دیں گے، دس ہزار دیں گے، مجھے یہ منظور نہیں ہے کہ جو کام کر رہا ہوں، اسے چھوڑ کر آپ کے لیے ناول لکھوں"۔

سوال: مرزا صاحب کی کن دو قومی شخصیات سے عزیز داری تھی؟

جواب: مرزا صاحب کی دو شخصیات "سرسید احمد خاں" اور منشی ذکاءاللہ" سے عزیز داری تھی۔

سوال: مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ کیا تھا؟

جواب: مرزا صاحب کا سب سے بڑا مشغلہ "مطالعہ کتب" تھا۔ گھنٹوں مطالعہ کرتے تھے۔ پنشن لینے کے بعد بھی اسی مشغلے کو جاری رکھا اور پنشن کا بڑا حصہ کتابیں خریدنے میں صرف کر دیتے تھے۔

سوال: سلطان ٹیپو اپنی جدوجہد میں کیوں کامیاب نہ ہو سکا؟

جواب: میسور کے سلطان حیدر علی اور اس کے بیٹے سلطان ٹیپو نے نہ صرف انگریزوں بلکہ ہندوؤں کا مقابلہ کیا بلکہ افغانستان، ترکی اور فرانس کو بھی اپنے ساتھ شامل کرنے کی کوشش کی۔ لیکن ملک کے دوسرے سرداروں نے ساتھ نہ دیا اور انہیں کامیابی حاصل نہ ہو سکی۔

سوال: اہلِ مغرب نے قومیت کی بنیاد کس پر رکھی ہے؟

جواب: اہلِ مغرب نے خاندانی، نسلی اور قبائلی بنیادوں میں وسعت پیدا کر کے قومیت کی بنیادیں جغرافیائی کی حدود پر استوار کیں اور کہا کہ قوم وطن سے بنتی ہے۔ اس نظریے کی وجہ سے دنیا کے انسانوں کے درمیان تباہی کا جو دروازہ کھلا ہے وہ دو عالمی جنگوں کے ہونے سے بخوبی ظاہر ہے۔

سوال: میر صاحب اور ان کی بیوی سیدانی بی کی کس بات پر زیادہ خوش تھے؟

جواب: میر صاحب اور ان کی بیوی، دونوں خوش تھے کہ سیدانی بی کو بچوں کی تربیت کے لیے خدا نے بھیج دیا۔ ایسی شریف، نماز، روزہ کی پابند، ہنرمند استانی صرف روٹیوں

پر کہا میسر آتی ہے۔

سوال: بادشاہ بیگم کا نام کیا تھا؟

جواب: بادشاہ بیگم کا اصلی نام زمرد پری تھا۔

سوال: پرستان کے پھلوں کی خاص بات کیا تھی؟

جواب: پرستان کے پھلوں میں خاص بات یہ تھی کہ جب ایک پھل توڑتی تو دوبارہ اس کی جگہ پر فوراً پھل نکل آتا۔ کلیوں کو جو چکھا تو نفیس اور ہلکی خوشبو والی مزے دار مٹھائیاں تھیں۔ جس کھانے کا خیال دل میں ہوتا۔ وہ پھل وہی ذائقہ دیتا۔

سوال: اردو شعرا نے ہر دور میں عید الفطر کو موضوع سخن کیوں بنایا؟

جواب: عید الفطر مسلمانوں کی مذہبی، معاشرتی اور سماجی اقدار و روایات پر مبنی خوشی کا ایک تہوار ہے۔ اس لیے اردو شعرا نے ہر دور میں عید الفطر کو موضوع بنایا ہے۔

سوال: چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب کیا تھا؟

جواب: چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لب لباب یہ تھا وہ بد نصیب محتاج، مصیبت زدہ اور غریب الوطن ہے۔

سوال: مصنف کو اپنے بے تکلف دوست بھڑ بھڑیا سے کیا شکایت ہے؟

جواب: مصنف کو اپنے تیسرے دوست بھڑ بھڑیا سے یہ شکایت ہے کہ جب بھی آتے، بھونچال کی طرح آتے، گولے کی طرح دروازہ کھولتے اور آندھی کی طرح داخل ہو جاتے۔ مصافحہ کے لیے ہاتھ کو اس گرمجوشی سے دباتے کہ درد ہونے لگتا اور سب سے بڑھ کر یہ کہ جب جاتے تو مصنف کے تمام خیالات بھی ساتھ لے جاتے۔

سوال: لڑکی سفر کیوں کر رہی تھی؟

جواب: لڑکی کا چچا بیمار تھا۔ وہ اپنے بیمار چچا کی عیادت کے لیے سفر کر رہی تھی۔

سوال: لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی، اس کا ماحول کیسا تھا؟

جواب: لڑکی جس ڈبے میں سوار ہوئی، اس میں عجیب اضمحلال طاری تھا۔ دو سیٹوں پر دو عورتیں رنگین لحافوں میں لپٹی ہوئی تھیں اور ان کے ارد گرد بھاری بکس اور بڑی بڑی پوٹلیاں اس طرح پھیلی ہوئی تھیں کہ کسی بیٹھنے کی جگہ ہی نہ تھی۔ تیسری سیٹ پر کونے میں ایک بچہ تھا۔ بالکل سوکھا، ہاتھ پاؤں کی کھال لٹکی ہوئی، جیسے وہ پیدائش کے بعد فوراً ہی براہِ راست بڑھاپے کی طرف چل دیا ہو۔

سوال: کسان چغل خور کو کن شرائط پر ملازم رکھا؟

جواب: کسان نے چغل خور کو دو شرائط پر ملازم رکھا۔

1- وہ اسے صرف روٹی اور کپڑا دے گا

2- ہر چھے ماہ بعد چغل خور کو ایک چغلی کھانے کی اجازت ہوگی۔

سوال: چغل خور نے کس کسان کی بیوی کو کیا کہہ کر بدگمان کیا؟

جواب: چغل خور نے کسان کی بیوی سے کہا کہ تمہارے شوہر کو کوڑھی ہو گیا ہے۔ یعنی اسے کوڑھ کا مرض لاحق ہو گیا ہے۔

سوال: چغل خور کو اپنی بری عادت سے کیا نقصان اٹھانا پڑا؟

جواب: چغل خور کو اپنی بری عادت سے یہ نقصان اٹھانا پڑا کہ لوگوں کا اس پر اعتماد کم ہو گیا۔ اسی عادت کی وجہ سے اسے اپنی ملازمت سے بھی ہاتھ دھونا پڑا۔ چنانچہ وہ بے کار ہو گیا۔ مختلف لوگوں سے کہا، در در کی خاک چھنی، ایک ایک کے پاس گیا مگر اسے یہ نقصان اٹھانا پڑا کہ چغل خور ہونے کی وجہ سے اسے کوئی اپنے پاس ملازم رکھنے کو تیار نہ تھا۔

سوال: نام دیو مالی نے انعام لینے سے کیوں انکار کیا؟

جواب: نام دیو مالی پودوں کو اپنے بچوں کی طرح پیار کرتا، ان کی خدمت کرتا۔ جب مصنف نے انعام کی پیشکش کی تو اس نے یہ کہہ کر انعام لینے سے انکار کر دیا کہ بچوں کے پالنے پوسنے میں کوئی انعام کا مستحق نہیں ہوتا۔

سوال: لوگ بچوں کے علاج کے لیے نام دیو مالی کے پاس کیوں آتے تھے؟

جواب: نام دیو مالی اپنے باغ کی جڑی بوٹیوں سے بچوں کا علاج بہت توجہ اور مہارت سے کرتا اس لیے لوگ بچوں کے علاج کے لیے نام دیو مالی کے پاس آتے تھے۔

سوال: نام دیو مالی کی موت کا سبب کیا تھا؟

جواب: ایک دن نہ معلوم کیا بات ہوئی کہ شہد کی مکھیوں کی یورش ہوئی۔ سب مالی بھاگ بھاگ کر چھپ گئے۔ نام دیو مالی کو خبر بھی نہ ہوئی کہ کیا ہو رہا ہے۔ وہ حسب معمول تندرستی سے اپنے کام میں لگا رہا۔ اسے کیا معلوم تھا کہ مکھیوں کا جھنڈ اس کے سر پر کھیل رہی ہے۔ مکھیوں کا غضب ناک جھلڑ اس غریب پر ٹوٹ پڑا اتنا کاٹا کہ بے دم ہو گیا۔ آخر اسی میں جان دے دی۔

سوال: علی بخش کو ایک مربع زمین کہاں اور کیوں الاٹ ہوئی؟

جواب: علی بخش علامہ اقبال کا دیرینہ اور وفادار ملازم تھا، ان کی خدمات کے عوض حکومت پاکستان نے اسے ایک مربع زمین لائل پور میں الاٹ کی۔

سوال: شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو کیا یاد آیا؟

جواب: شیخوپورہ سے گزرتے ہوئے علی بخش کو یاد آیا کہ ڈاکٹر صاحب ایک بار یہاں بھی آئے تھے۔ یہاں ایک مسلمان تحصیلدار تھے جو ڈاکٹر صاحب کے پکے مرید تھے ۔انہوں نے دعوت دی تھی۔

سوال: ترکی میں جمعتہ المبارک کا خطبہ کن دو زبانوں میں دیا گیا؟

جواب: ترکی میں جمعتہ المبارک کا آدھا خطبہ ترکی اور آدھا خطبہ عربی زبان میں دیا گیا۔

سوال: کون سی دو چیزوں پر محصول وصول نہیں کیا جاتا تھا؟

جواب: صرف اناج اور اُپلے دو ایسی چیزیں تھیں کہ ان پر محصول نہیں لیا جاتا تھا۔

سوال: شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت کیا ہے؟

جواب: شاعری میں میر انیس کی وجہ شہرت "مرثیہ نگاری" ہے۔

سوال: "برسے ہوئے بادل" سے کیا مراد ہے؟

جواب: برسے ہوئے بادل سے مراد وہ مسلمان ہیں جنھوں نے کافی عرصہ تک دنیا کو فیض پہنچایا۔

سوال: "جلوہ قدرت کا شاہد" کون مراد ہے؟

جواب: "جلوہ قدرت کا شاہد" سے مراد کسان ہے۔ یعنی کسان تمام قدرتی نظاروں کا مشاہدہ کرتا ہے۔ فطری مناظر کو تخلیق کرنے میں دن رات محنت کرتا ہے۔

سوال: نبضِ خاک پہ انگلیاں رہنے کا کیا مطلب ہے؟

جواب: نبض خاک پہ انگلیاں رہنے کا مطلب ہے کہ کسان اپنے ہاتھوں کو مٹی پر رکھتا ہے یعنی کسان اپنی تمام ترجسمانی کوشش کے ساتھ دھرتی کو گل و گلزار میں تبدیل کرتا ہے۔ موسموں کے اتار چڑھاؤ کے پیش نظر جو زمین میں تبدیلیاں آتی ہیں، ان سے نمپٹتا ہے اور اپنے ہاتھوں سے زمین کو اپنی مرضی کے مطابق نتائج حاصل کرنے کے لیے تیار کرتا ہے۔

سوال: کونسی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں؟

جواب: تخریب کی قوتیں کسان سے سرنگوں رہتی ہیں۔ یعنی کسان ہمیشہ منفی سرگرمیوں سے دور رہتا ہے۔ انسانوں کے بھلے اور فلاح کے لیے محنت اور مشقت کرتا ہے۔

سوال: نکیل پڑنے سے شاعر کی مراد کیا ہے؟

جواب: نکیل پڑنے سے شاعر کی مراد یہ ہے سر پر ذمہ داریوں کا بوجھ آجانا اور آزادی کا ختم ہو جانا ہے۔

سوال: شاعر کس سڑک کو بے مثال کہہ رہا ہے؟

جواب: شاعر "مال گودام روڑ" کو بے مثال سڑک کہتا ہے کیونکہ اس جیسی سڑک اور کوئی نہیں ہے۔

سوال: شاعر کے ہاں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی وجہ کیا ہے؟

جواب: شاعر کے ہاں مصیبت کے "راحت فزا" ہونے کی وجہ یہ ہے کہ رضائے الٰہی اور خوشنودی الہی کی خواہش، آرزو اور تمنا اس کی رہنما ہو گئی ہے۔ یعنی اللہ تعالیٰ کی رضا اور محبت کے راستے میں آنے والی ہر مصیبت اور مشکل اس کے لیے پریشانی یا دکھ نہیں بلکہ سکون و اطمینان کا ذریعہ ہے کیونکہ وہ جانتا ہے کہ اس راہ میں آنے والی یہ کڑی آزمائش اسے پاک پروردگار کی قربت کے حصول کا یقین دلاتی ہے۔

سوال: پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم واضح کیجیے؟

جواب: پھولوں کا رنگ ہنسی سے ملنے کا مفہوم یہ ہے کہ شاعر کا محبوب مسکراتا ہوا بہت خوبصورت لگتا ہے۔ جسے کھلے ہوئے پھول خوبصورت لگتے ہیں،

سوال: دل کے کنول اور چراغوں میں کیا بنیادی فرق بتایا ہے؟

جواب: دل کنول اور چاغوں کے جلنے میں فرق یہ ہے کہ چاغوں کا مقدر ازل سے جلنا ہے، چراغ تو شروع سے ہی جل رہے ہیں مگر یہ دل ہیں جو کبھی نہ جلے ہے نہ بجھے ہیں۔

## 5- کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے۔

pakcity.org

| | | | |
|---|---|---|---|
| زیادہ چانس | پرستان کی شہزادی | استنبول | چغل خور |
| کم چانس | مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ | ملمع | نام دیو مالی |

Please visit for more data at: www.pakcity.org

## 6- درج عنوانات میں سے کسی ایک پر مضمون لکھیے۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| زیادہ چانس | علامہ اقبال | علم کے فائدے | تعلیم نسواں |
| | ورزش کے فائدے | عیدین | قائد اعظم محمد علی جناح |
| کم چانس | حب الوطنی | محنت کی برکتیں | سائنس کے کرشمے |
| | طالب علم کے فرائض | شہری اور دیہاتی زندگی کے مسائل | میرے دوست |

## 7- درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئیے۔

پنجاب کی حد ان دنوں میں غزنی کی حد تک پھیلی ہوئی تھی اور راجہ جہاں کا جے پال تھا۔ جب مسلمانوں کے قدم آگے بڑھتے معلوم ہوئے تو اس نے غزنی پر ایک بھاری فوج سے چڑھائی کی۔ چنانچہ دفعتاً ملغان پر جا کر ڈیرے ڈال دیئے اور پشاور سے کابل تک برابر لشکر پھیلا دیا۔ ادھر سے سبکتگین بھی نکلا۔ چنانچہ دونوں فوجیں آمنے سامنے پڑی تھیں اور ایک دوسرے کی پیش دستی کی منتظر تھیں کہ دفعتاً آسمان سے اولے پڑنے لگے۔ یعنی بے موسم برف گرنی شروع ہوگئی۔ وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے انہیں خبر بھی نہ ہوئی، ہندوستانی بے چارے اپنے لحاف اور رضائیاں ڈھونڈنے لگے مگر وہاں رضائی کا گزارہ کہاں؟ سینکڑوں اکڑ کر مر گئے، ہزاروں کے ہاتھ پاؤں رہ گئے۔ جو بچے ان کے اوسان جاتے رہے۔

**سوالات:**

i. کس زمانے میں پنجاب کی حدود غزنی تک پھیلی ہوئی تھیں؟
ii. جے پال کون تھا اور سبکتگین کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟
iii. "وہ لوگ تو برف کے کیڑے تھے" کون برف میں رہنے کے عادی تھے؟
iv. وہاں رضائی کا گزارہ کیوں نہیں تھا؟ وہ لوگ جاڑے میں کیا اوڑھتے تھے؟
v. جے پال اور سبکتگین میں جنگ کیوں نہ ہوئی؟

مختلف انسان مختلف زبانیں بولتے ہیں۔ زبانوں کو ان کے ماہروں نے مختلف خاندانوں پر تقسیم کر رکھا ہے ان میں دو خاندان بہت مشہور ہیں۔ ایک سامی اور دوسرا آریائی۔ سامی خاندان میں عربی اور عبرانی وغیرہ زبانیں شامل ہیں' آریائی خاندان میں نہ صرف پاکستان اور ہندوستان کی بہت سی زبانیں شامل ہیں بلکہ یونانی، اطالوی، جرمن، فرانسیسی اور انگریزی زبانوں کا شمار بھی اسی خاندان میں ہوتا ہے۔ دراصل آریائی خاندان زبانوں کا بہت بڑا خاندان ہے اور اس سلسلے کا کوئی دوسرا خاندان اس کی وسعت کی برابری نہیں کر سکتا۔ زبانوں کے آریائی خاندان کی شعائیں پاکستان ہندوستان، ایران، انگلستان اور یورپ کے مختلف ممالک تک پھیلی ہوئی ہیں۔

**سوالات:**

i. زبانوں کے دو مشہور خاندان کون کون سے ہیں؟
ii. عربی اور انگریزی زبانوں کے کس خاندان سے تعلق رکھتی ہیں؟
iii. آریائی خاندان کی جن زبانوں کا اوپر ذکر کیا گیا ہے ان کے نام لکھئے؟
iv. دنیا کے کون کون سے ممالک ایسے ہیں جہاں آریائی خاندان کی زبانیں بولی جاتی ہیں؟
v. ہماری قوم زبان کس خاندان سے تعلق رکھتی ہے؟

ہم عصروں اور ہم چشموں کی رقابت پرانی چیز ہے۔ اور ہمیشہ سے چلی آتی ہے۔ جہاں تک مجھے ان سے گفتگو کا موقع ملا اور بعض اوقات چھیڑ چھیڑ کر اور کرید کرید کر دیکھا اور ان کی تحریروں کے پڑھنے کا اتفاق ہوا۔ مولانا اس عیب سے بری معلوم ہوتے ہیں۔ محمد حسین آزاد نے مولانا شبلی نعمانی کی کتابوں پر کیسے اچھے تبصرے لکھے ہیں اور جو باتیں قابلِ تعریف تھیں۔ ان کی دل کھول کر داد دی ہے۔ مگر ان بزرگوں میں سے کسی نے مولانا کی کسی کتاب کے متعلق کچھ نہیں لکھا۔ لاہور میں کرنل ہالرائیڈ کی زیرِ ہدایت جو جدید رنگ کے مشاعرے ہوئے، ان میں آزاد اور حالی دونوں نے طبع آزمائی کی۔ برکھارت، حبِ وطن، نشاطِ امید اسی زمانے کی نظمیں ہیں۔ آزاد اپنے رنگ میں بے مثل نثار ہیں، مگر شعر کے کوچے میں ان کا قدم نہیں اٹھتا۔ لیکن مولانا کی انصاف پسندی ملاحظہ کیجئے کہ کیسے صاف لفظوں میں اس نئی تحریر کا سہرا آزاد کے سر باندھا ہے۔

**سوالات:**

i. اس عبارت کا عنوان تحریر کیجئے۔
ii. اس عبارت میں مولانا سے کون مراد ہیں؟

Please visit for more data at: www.pakcity.org

iii. ولانا کس عیب سے بری تھے؟

iv. جدید رنگ کے مشاعروں میں کس قسم کی نظمیں پڑھی جاتی تھیں؟

v. نثار کے معنی لکھئے۔

اسلام نے لفظ قوم کے معنٰی بدل دیئے ہیں۔ اسلام سے پہلے کے تمام قومی سلسلے، تمام قومی رشتے، نسل یا علاقے سے تعلق رکھتے تھے۔ لیکن اسلام نے لا الہ الا اللہ محمد رَسول اللہ کے تحت ایک نیا روحانی بلکہ خدائی قومی رشتہ قائم کر دیا۔ اسلام کسی سے نہیں پوچھتا کہ وہ ترک ہے یا تاجیک، وہ افریقہ کا رہنے والا ہے یا عرب کا، وہ چین کا باشندہ ہے یا چین کا، پاکستان میں پیدا ہوا ہے یا ہندوستانِ میں وہ کالے رنگ کا ہے یا گورے رنگ کا، بلکہ جس کسی نے اللہ کی توحید اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم کی رسالت کو مان لیا وہ ایک رشتے میں بندھ گیا۔ جس سے اچھا اور پیارا رشتہ اور کوئی نہیں ہے۔

## سوالات:

i. اسلام نے لفظ قوم کو کتنی وسعت دی ہے؟

i. کیا اسلام میں نسل اور علاقے کا امتیاز جائز ہے؟

ii. اسلام میں ترکی کے مسلمان، چین کے مسلمان اور پاکستان کے مسلمان کے درمیان امتیاز قائم ہو گا؟

iii. کیا گورے مسلمان کو کالے مسلمان پر کوئی فوقیت حاصل ہے؟

iv. اس عبارت کا عنوان لکھئے۔

سکوت کے وقت سمندر کا دیدار آنکھوں کو فرحت بخشنے والی چیز ہے۔ تختہ جہاز پر کھڑے ہو کر دیکھیں تو لہروں کا ایک لاتعداد سلسلہ نظر آتا ہے۔ جو ہوا کے نرم نرم جھونکوں کے اثر سے سمندر پر قریب قریب ہر وقت آتے رہنے سے ایک دوسرے کے پیچھے حلقے بناتا چلا جاتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ لہریں ایک دوسری کے پیچھے دوڑ رہی ہیں۔ صبح کے وقت جب آفتاب نکلتا ہے اور اچھلتی ہوئی لہروں کی سفید جھاگ پر اس کی کرنیں پڑتی ہیں تو قوس قزح کے سارے رنگ دفعتہ شفاف پانی کے تختوں پر چمک جاتے ہیں اور دور اُفق کے قریب تو سنہری روپہلی فرش بچھا ہوا نظر آتا ہے۔ گویا شاہِ خاور کے خیر مقدم کیلئے سامان ہو رہا ہو۔

## سوالات:

i. سکون کے وقت سمندر کا نظارہ کیسا ہوتا ہے؟

ii. تختہ جہاز سے سمندر کیسا نظر آتا ہے؟

iii. صبح کے وقت سمندر کا منظر کیسا ہوتا ہے؟

iv. دورِ اُفق کے قریب کیا نظر آتا ہے؟

v. اس عبارت کا موزوں عنوان لکھئے۔

انتخاب کتب ایک اہم مسئلہ ہے۔ اس کے لیے اس طرح کی احتیاط اور غور و فکر کی ضرورت ہے جس طرح کہ دوستوں کے انتخاب کے لیے۔ جس طرح ایک اچھے اور نیک چال چلن کا مالک انسان اپنے دوست کو برائی سے بچالیتا ہے اور ایک برا دوست اپنی بد کرداری کی وجہ سے دوسرے دوست کو بھی تباہ کر دیتا ہے۔ اسی طرح اچھی کتابیں دل و دماغ اور عادات و اطوار پر اچھا اثر ڈالتی ہیں اور مخرب اخلاق اور بے ہودہ کتابیں طبیعت کو برائی کی طرف مائل کرتی ہیں۔ اسی طرح بری کتابوں کا مطالعہ پڑھنے والے کی اخلاقی موت کا باعث بنتا ہے۔ مشاہیر زمانہ کی سوانح عمریاں، سفر نامے، تاریخ اور مذہبی کتب اور جدید معلومات پر لکھی ہوئی کتابوں کا مطالعہ انسان اور خصوصاً طالب علم کے لیے بہت مفید ہے۔ اخلاقی کتابوں کے مطالعے سے اخلاق بلند ہوتا ہے۔

## سوالات:

i. کتابوں کے انتخاب میں کس چیز کی ضرورت ہے؟

ii. بُرا دوست کیا نقصان پہنچاتا ہے؟

iii. خراب کتابیں پڑھنے سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

iv. طالب علم کیلئے کون سی کتابیں مفید ہیں؟

v. اس عبارت کا موزوں عنوان لکھئے۔

pakcity.org
Please visit for more data at: www.pakcity.org